الثانی®

# فہرست ادویّات

## برائے معالجین





لاثانی
www.lasanipharma.com
شربت
ثمربہار
ہر موسم ثمربہار کا موسم
لاثانی نیچرل پراڈکٹس
پرائیویٹ لمیٹڈ
مناواں باٹاپور لاہور پاکستان۔
فون: 042-36581200, 36581300
فیکس: 042-36581400

# تعارف

طبِ یونانی ایک مسلمہ اور سائنسی طریقہ علاج ہے اور اسے نہ صرف پاکستان بلکہ برصغیر کا مقبول ترین طریقہ علاج ہونے کا شرف حاصل ہے۔ عالمی ادارہ صحت (WHO) کے سروے کے مطابق ملک کی 70 فی صد سے زائد آبادی اسی طریقہ علاج سے استفادہ کرتی ہے۔

دنیا بھر میں طبِ یونانی کی بڑھتی ہوئی مقبولیت کے پیش نظر حاملین طب پر مزید کڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ اس کی ترقی اور فروغ کے لیے جدید تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ادویات کی تیاری میں عالمی معیار اختیار کیا جائے۔

لاثانی فارما پرائیویٹ لمیٹڈ کا قیام عرصہ 17 سال قبل اسی سوچ اور جذبہ کے تحت عمل میں لایا گیا کہ پاکستانی عوام کو سستی اور بین الاقوامی معیار کی ادویات جدید دیدہ زیب پیکنگ میں مہیا کی جائیں جس سے فنِ طب اور ملک کا نام روشن ہو۔

اللہ کے فضل و کرم سے ہم گذشتہ ڈیڑھ دہائی سے معیار کو ترجیح دیتے ہوئے اس اصول پر سختی سے کاربند ہیں۔ اللہ کا فضل و کرم ماہرین فن طب کا اعتماد اور عوام الناس میں بڑھتی ہوئی مقبولیت ہمارے اس دعوے کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

لاثانی فارما میں تمام ادویات عرقیات و شربت کی تیاری میں حفظان صحت کے اصولوں پر کاربند رہتے ہوئے جدید سائنسی طرز عمل اختیار کیا گیا ہے اس سلسلہ میں بین الاقوامی معیار کی مصنوعات کی تیاری ممکن ہوتی ہے۔

لاثانی فارما پرائیویٹ لمیٹڈ میں اس وقت تقریباً 250 کے قریب ادویات، شربت، عرقیات، کشتہ جات تیار کی جا رہی ہیں اور ان کی تیاری کے لیے درج ذیل شعبہ جات ہمہ وقت مصروف کار ہیں۔

## شعبہ عرقیات:۔

لاثانی فارما کا شعبہ عرقیات جدید ترین پلانٹ سے مزین ہے جس میں مارکیٹ کی ڈیمانڈ کے مطابق تمام عرقیات جدید ترین سائنسی اصولوں کے مطابق کشید کیے جاتے ہیں۔ اور عرق کشید کرتے ہوئے اس بات پر خصوصی توجہ دی جاتی ہے کہ عرق نکلتے ہوئے دوا کے اجزا سوکھ کر ضائع نہ ہوں اور کسی بھی دوا کا عرق قدرتی فوائد سے بھرپور ہو۔ یہی وجہ ہے کہ لاثانی کے عرق اس وقت مارکیٹ میں بڑی قدر کی نگاہ سے دیکھے جاتے ہیں۔ اور معالجین

وصارفین لاثانی کے عرقیات کے استعمال کو ترجیح دیتے ہیں۔

## شعبہ مشروبات:۔

ہر قسم کے ادویاتی مشروبات کے لیے لاثانی کا شعبہ مشروبات بھی جدید سائنسی آلات سے آراستہ ہے۔ اور مشروبات کی جدید خطوط پر تیاری کے ساتھ ساتھ انہیں بوتلوں میں بھرنے کے لیے جدید آٹو میٹک پلانٹ بھی نصب کیے گئے ہیں۔ اور ہر لمحہ پر حفظان صحت کے اصولوں پر سختی سے عمل کیا جاتا ہے۔

## ٹیبلٹنگ اور سٹرپ پیکنگ:۔

دور جدید کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے لاثانی فارما میں گولیاں بنانے کے لیے جدید ترین مشینری نصب کی گئی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ شوگر کوٹنگ اور سٹرپ پیکنگ کے لیے بھی آلات نصب کیے گئے ہیں۔

## بذریعہ خط و کتابت اور ای میل علاج معالجہ کی سہولت:۔

لاثانی فارما پرائیویٹ لمیٹڈ کی مصنوعات کی بڑھتی ہوئی مقبولیت کے پیش نظر اس کی مختلف ادویات کے متعلق معلومات حاصل کرنے اور بیماریوں کی تشخیص کے لئے انتظامیہ نے لاثانی فارما کا شعبہ تشخیص و تجویز قائم کیا ہے۔ جس میں بذریعہ خط کسی بیماری اور دوا کے متعلق پوچھے گئے سوالات کا بھی جواب دیتے ہیں۔

بذریعہ خط نسخہ تجویز کرانے یا کسی بھی دوا کے بارے میں تفصیل جاننے کیلئے کمپنی کے ایڈریس پر رابطہ کریں۔

**نوٹ**: مریضوں کے حالات صیغہ راز میں رکھے جاتے ہیں۔ تاہم ادویات منگوانے کے لیے ادویات کی قیمت اور ڈاک خرچ پیشگی ارسال کرنا ہوتا ہے۔ جس کی تفصیل تحریر کر دی جاتی ہے۔

☆جو حضرات انٹرنیٹ استعمال کرتے ہیں وہ علاج معالجہ اور مشورہ کیلئے ہماری ویب سائیٹ www.lasanipharma.com پر موجود سہولت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ ویب سائیٹ پر ہمارے ماہرین اطباء بذریعہ ای میل مشورہ اور نسخہ تجویز کرتے ہیں۔

☆تمام صارفین اور ماہرین فن سے گزارش ہے کہ فلاح انسانیت کے لیے اگر آپ کے ذہن میں کوئی تجویز یا بہتری کے لیے کوئی بھی بات ہو تو ضرور لکھ بھیجیں۔ ادارہ آپکا مشکور ہوگا۔

دعاؤں کا طالب:

میاں عبدالوحید

لاثانی فارما پرائیویٹ لمیٹڈ

## **السووینا** (انٹی السر) **سیرپ** ۔ شوگر فری بھی دستیاب ہے

(السر اور تیزابیت کا موثر علاج)

جدید و قدیم تحقیقات کا نچوڑ لاثانی فارما کی السر اور بڑھی ہوئی تیزابیت کے لیے مفید اور سریع الاثر دوا ہے۔ جس کے استعمال سے نا صرف بڑھی ہوئی تیزابیت اعتدال پر آجاتی ہے بلکہ معدہ اور نظام ہضم کی خرابی اور السر و زخم معدہ کا موثر علاج ہے۔

یہ ایسی قدرتی Z کی بوٹیوں کا مرکب ہے جو السر کا باعث بیکٹریا ہیلیکوبیکٹر پائیلوری (Helicobacterpylori) کو غیر موثر کر کے زخم اور السر کو مندمل کرتا ہے۔

لاثانی انٹی السر سیرپ درج ذیل عوارضات میں مفید ہے۔

☆ تیزابیت کی زیادتی (Hyperacidity) ☆ معدہ اور بارہ انگشتی آنت کا السر (Peptic & Deudenal Ulcer) ☆ ہضم کی خرابی (بدہضمی Indigestion) ☆ معدہ اور پیٹ کا درد ☆ سوزش جگر ☆ ضعف جگر

**ترکیب استعمال:** صبح دوپہر شام دو دو چمچ (چائے والے) کھانے کے بعد استعمال کریں۔

**نوٹ:** انٹی السر سیرپ شوگر فری میں بھی دستیاب ہے۔

## الماس شاہی

(قوت توانائی اور اعادہ شباب کیلئے موثر دوا)

انسانی جسم فطرت کا حسین شاہکار ہے سائنسی نقطہ نظر سے یہ کئی قسم کے معدنیات و نمکیات کا مرکب ہے اور اگر کسی وجہ سے ان نمکیات کے قدرتی توازن میں کمی بیشی ہو جائے تو بہت سارے امراض پیدا ہو سکتے ہیں۔ عمر کے ساتھ ساتھ انسانی جسم میں معدنیات کی مقدار کم ہو جاتی ہے۔ اگر اس کمی کو جلد از جلد پورا نہ کیا جائے تو اس کا اظہار اعصابی اور اعضائے رئیسہ کی کمزوری کی صورت میں ہوتا ہے اور انسان وقت سے پہلے بڑھاپے کی طرف بڑھنے لگتا ہے ہمارے شعبہ تحقیق نے جسم انسانی میں معدنیات کی کمی کو دور کرنے اور اس کے توازن کو برقرار رکھنے کے لئے قیمتی معدنیات اور نباتاتی اجزاء سے الماس شاہی کے نام سے ایک ایسا لاثانی مرکب تیار کیا ہے جو مندرجہ ذیل عوارض اور علامات میں انتہائی موثر ثابت ہوا ہے۔

☆ اعصاب، دماغ اور پٹھوں کی کمزوری کی وجہ سے جنسی کمزوری اور بے رغبتی ☆ نامردی یعنی مردوں

میں مکمل جنسی نا اہلیت ☆سرعت انزال اور کثرت احتلام ☆تولیدی جراثیم (Sperm) کی کمی ☆ذکاوت حس ☆مثانہ کی کمزوری اور پیشاب بار بار آنا ☆نظام ہضم، جگر اور معدہ کے عوارض ☆خود اعتمادی اور قوت فیصلہ کی کمی ☆حافظہ کی کمزوری

الماس شاہی ایسے افراد کیلئے جو وقت سے پہلے بوڑھے دکھائی دیں نفاقی یا تھکاوٹ کا موجب ہے اور ذہنی کام کی زیادتی کی وجہ سے پیدا شدہ جنسی و اعصابی کمزوری کو فوری رفع کرتی ہے۔ الماس شاہی ہر قسم کے مضر صحت اجزاء سے پاک ہے۔ الماس شاہی جسم انسانی کے افعال کو فطرت کے قریب تر کر دیتی ہے۔ اور انسان کو ہشاش بشاش رکھتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ناشتہ سے آدھ گھنٹہ پہلے

## اسفائم

ذکاوت (بڑھی ہوئی حس) کیلئے

عالم جوانی میں اکثر نوجوان بے راہ روی کا شکار ہو کر جلق (مشت زنی) اغلام جیسی عادت بد میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ جس کے باعث عضو تناسل کی حس بڑھ جاتی ہے۔ غدہ مذی میں خراش ہو جاتی ہے۔ جس سے بار بار تحریک ہوتی ہے۔ عضو خاص کے عضلات اور اعصاب کمزور ہو جاتے ہیں۔

اسفائم ایسے اجزا کا مرکب ہے جو بڑھی ہوئی حس کو اعتدال پر لاتی ہے۔ اور غدہ مذی کی خراش کو دور کرتی ہے۔ عضو خاص کے رگ و پٹھے کو تقویت دیتی ہے اور پیشاب کی جلن دور کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام دو۔ دو گولی دودھ یا پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

## اکسیر پیچش سیرپ

(ہر قسم کے پیچش میں موثر)

پیچش کی شکایت نئی ہو یا پرانی لا علاج اکسیر پیچش لیکوڈ کا استعمال ہر صورت میں مفید ہے۔ مروڑ اور آؤں آنے کی شکایت کو رفع کرتی ہے۔ چند خوراکوں کے استعمال سے مرض سے نجات مل جاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** ہر چار گھنٹے بعد بچوں کے لئے ایک چمچ چائے والا اور بڑوں کے لئے دو چمچ چائے والے

## اکسیر جگر سیرپ

(جگر کے جملہ امراض کا یقینی علاج)

انسانی جسم میں جگر عضو رئیس ہے۔ یہ انسانی بدن میں ہزاروں کیمیکل تیار کرنے کی فیکٹری ہے جگر کی خرابی یا

کمزوری کی بدولت جسم انسانی میں کئی قسم کی تکالیف پیدا ہو سکتی ہیں۔ جن میں خون کی کمی، عام جسمانی کمزوری اور نشوونما کا رک جانا وغیرہ شامل ہے۔

اکسیر جگر سیرپ: جگر، معدہ، آنتوں، اور رحم کے ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ ان اعضاء کے افعال کو اعتدال پر لاتا ہے۔ پیٹ کی گرانی، نفخ، بدہضمی وغیرہ کی شکایت اکسیر جگر کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے۔ پیٹ کی خرابی اور ورموں کی وجہ سے ہونے والے بخاروں میں بھی فائدہ مند ہے۔ دور حاضر کا اہم مسئلہ سوزش جگر ہیپاٹائٹس کے علاج میں بطور معاون دوا بڑی کامیاب ثابت ہوتی ہے اس کے مسلسل استعمال سے جگر کے بڑھے ہوئے انزائم SGPT اور SGOT نارمل ہو جاتے ہیں۔

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام بچوں کے لئے ایک چمچ چائے والا۔ بڑوں کے لئے دو چمچ چائے والا

## اکسیر خاتون

(نسوانی عوارض کیلئے بہترین دوا)

نسوانی بیماریوں مثلاً ماہواری کی بے قاعدگی ماہواری کی کمی یا زیادتی کے ساتھ آنا، ٹانگوں کا درد (پنڈلی کا درد)، سیلان الرحم (لیکوریا) اور ورم رحم کے لئے لاثانی قارما کی مایہ ناز دواؤں میں شمار ہوتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح و شام دو چمچ چائے والے دودھ میں ملا کر استعمال کریں۔

**ھدایات:** حمل اور ماہواری کے دنوں میں اکسیر خاتون استعمال نہ کریں۔

## اکسیر دمه

(سانس رُک رُک کر آنے اور کھانسی میں مفید)

دمہ کی شکایت میں مفید ہے۔ سانس کی نالیوں میں بلغم جمع ہو جانے اور سانس کے رُک رُک کر آنے کی تکلیف کو رفع کرتی ہے۔ کھانسی کو سکون پہنچاتی ہے اور پھیپھڑوں سے جما ہوا لیس دار بلغم نکالتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** بچوں کے لئے: صبح، دوپہر، شام ایک چمچ چائے والا، بڑوں کے لئے: دو چمچ چائے والا

## اطریفل اسطو خدوس

اسطوخدوس امراض دماغ کے علاج میں بڑی اہمیت رکھتا ہے۔ یہ سر درد، پرانا نزلہ، زکام، ریشہ وغیرہ میں مفید ہے۔ معدہ کی اصلاح بھی کرتا ہے۔ قبض کی شکایت دور کرتا ہے اور دماغ سے بلغمی رطوبت کو خارج کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** رات کو سوتے وقت ایک چمچ چائے والا نیم گرم پانی یا دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

## اطریفل زمانی

آنتوں میں جب فاسد مادے اور فضلات جمع ہو جاتے ہیں تو طرح طرح کی تکلیفیں پیدا ہونے لگتی ہیں۔ یہ اطریفل ان ناقص مادوں کو خارج کرتا ہے۔ انہیں خون میں شامل ہونے سے روکتا ہے۔ اطریفل زمانی دائمی نزلہ، دردسر اور مالیخولیا میں بھی مفید ہے۔ یہ آنتوں کی طبعی حرکات کو متوازن کر کے قبض کی شکایت کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: رات کو سوتے وقت ایک چمچ چائے والا نیم گرم پانی یا دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

## اطریفل کشنیز

اطریفل کشنیز دماغ کو فاسد رطوبتوں سے صاف کرتا ہے۔ تبخیر معدہ، سر درد، نزلہ زکام میں مفید ہے۔ گرمی سے نزلہ، آنکھوں کی سرخی، الرجی اور تیزابیت میں موثر ہے۔

**ترکیب استعمال**: صبح و شام موسم سے دس گرام (ایک چمچ چائے والا) ہمراہ پانی یا دودھ استعمال کریں۔

## اکسیر دماغ زعفرانی

(صحت مند اور طاقتور دماغ کیلئے)

دماغ جسم انسانی کا بادشاہ ہے۔ صحت مند اور توانا دماغ سے ہی صحت مند معاشرہ تشکیل پاتا ہے۔ مگر موجودہ تیز رفتار اور بے ہنگم زمانہ میں جن مسائل میں بڑی تیزی سے اضافہ ہوا ہے ان میں دماغی کمزوری، یادداشت کی کمی اور اچانک بھول جانا جیسے مسائل سرفہرست ہیں اور ان مسائل کی وجہ سے سر درد، اعصابی کھچاؤ، اعصابی کمزوری اور بہت سارے امراض جنم لے رہے ہیں جن پر اگر بروقت توجہ نہ دی جائے تو یہ مسائل انتہائی شدت اختیار کر جاتے ہیں۔

لاثانی کے شعبہ تحقیق کے ماہرین نے دماغی اور اعصابی کمزوری کے اسباب و علامات کا جائزہ لینے کے بعد اکسیر دماغ زعفرانی کا ایسا زود اثر اور کامیاب نسخہ ترتیب دیا ہے کہ جس کے کچھ ہی عرصہ مسلسل استعمال سے دماغی عوارضات، حافظہ کی کمزوری، اعصابی تھکاوٹ، سر درد اور ان جیسے بہت سارے مسائل سے مستقل نجات مل جاتی ہے۔ طالبعلموں، اساتذہ، وکلاء، دفتروں میں کام کرنے والوں اور دماغی محنت کرنے والے افراد کیلئے اکسیر دماغ زعفرانی ایک نعمت غیر مترقبہ سے کم نہیں۔ زعفران کے استعمال سے دوا کے اثرات دوچند ہو گئے ہیں۔

**ترکیب استعمال**: بچوں کیلئے 1 بڑا چمچ (کھانے والا) دن میں دو بار کھانے کے بعد

بڑوں کیلئے 2 بڑے چمچ (کھانے والے) دن میں دو بار کھانے کے بعد

## برشعشا

برشعشا فوری اثر دوا کو کہتے ہیں۔ یہاں 22 جڑی بوٹیوں کا مرکب ہے جو کہ ہر قسم کے درد، اعصابی اور گردے کے درد میں سکون دلانے کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔ اعصابی اور گردے کے درد سے نجات کے لیے فوری اثر اور قابل بھروسہ دوا ہے۔ اس کا استعمال پرانی کھانسی، دائمی نزلہ، ہسٹریا، فالج جیسے امراض میں از حد مفید ہے۔ دماغ و اعصاب کو سکون دیتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: 1 گرام رات سونے سے پہلے یا طبیب کے مشورے سے استعمال کریں۔ شدید درد کی صورت میں کسی بھی وقت استعمال کی جا سکتی ہے۔

## بے بی ٹانک

(بچوں کی نشو ونما کیلئے خوش ذائقہ شربت)

بچوں کی نشو ونما کے لئے خوش ذائقہ شربت ہے۔ جو بچوں کو تندرست و توانا اور سرخ و سفید بناتا ہے۔ بد ہضمی، ضعف معدہ، پیچش، اسہال اور دستوں میں مفید ہے۔ سوکھا پن میں اس کو بڑا مفید پایا گیا۔ بچوں کے جسم میں قوت مدافعت بڑھاتا ہے۔ لاثانی بے بی ٹانک بچوں کی توانائی اور صحت کا ضامن ہے۔

**ترکیب استعمال**: صبح، دوپہر، شام ایک سال تک کے بچوں کیلئے ایک چمچ چائے والا، ایک سال سے زائد عمر کے بچوں کیلئے دو چمچ چائے والا

## بُخارین سیرپ

بخار اکثر کئی بیماریوں کی علامت کے طور پر ظاہر ہوتا ہے۔ اگر بخار کو بر وقت کنٹرول کر لیا جائے تو پیچیدہ امراض سے بچا جا سکتا ہے۔ بُخارین سیرپ کی تیاری ان ہی باتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے کی گئی ہے۔ اس میں ایسے اجزاء شامل کئے گئے ہیں جو کہ ہر قسم کے نئے اور پرانے بخاروں، باری کے بخاروں اور موسمی بخاروں کو فوری طور پر روکتا ہے۔ بخار کے بعد ہونے والی بے چینی اور کمزوری کو بھی دور کرتا ہے۔ وبائی اور موسمی بخاروں سے بچنے کے لیے حفظ ماتقدم کے طور پر اس کا استعمال فائدہ مند ہوتا ہے۔

**ترکیب استعمال**: بڑوں کو دو چمچ چائے والے ہر تین گھنٹے بعد

بچوں کو طبابق عمر آدھے سے ایک چائے والا چمچ ہر تین گھنٹے بعد

## پیپر منٹ سیرپ

(تبخیر امراض معدہ و نظام ہضم کے امراض کیلئے موثر دوا)

پیپر منٹ سیرپ سالہا سال سے امراض نظام ہضم کیلئے بڑی کامیابی سے استعمال کیا جا رہا ہے۔ اس کا جزو موثرہ پودینہ ہے جو متلی، قے، تبخیر، گیس، بدہضمی، ہیضہ، پیٹ درد، تیزابیت اور بھوک نہ لگنے کیلئے انتہائی موثر ہے۔

لاثانی کے شعبہ تحقیق کے ماہرین نے پودینہ اور اس کے ست پر مزید تحقیق کے بعد لاثانی پیپر منٹ کا نسخہ ترتیب دیا ہے جو نظام ہضم کے جملہ امراض کیلئے اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔ اسے حفظان صحت کے اصولوں کے عین مطابق تیار اور پیک کر کے مارکیٹ میں پیش کیا جا رہا ہے۔

**ترکیب استعمال**: بڑوں کیلئے دو چمچ شربت دن میں تین بار بچوں کیلئے ایک چمچ شربت دن میں تین بار

## توت سیاہ + ملٹھی

(ٹانسلز، گلے کے درد اور خراش کیلئے مفید)

ٹانسلز یعنی گلے کے غدود بڑھ جانے (Tonsilitis) اور آواز بیٹھ جانے میں مفید ہے۔ گلے کے درد، ورم اور خراش میں موثر ہے۔ گلا بند ہو جانے (خناق) میں بھی اس کا استعمال فائدہ مند ہے۔ سگریٹ نوش اور کاٹن ملز میں کام کرنے والے مزدوروں نیز کیمیکل سے حساس افراد کہ جن کی آواز بیٹھ جائے یا گلا پھول جائے ایسے خواتین و حضرات کیلئے لاثانی شربت توت سیاہ ایک مفید اور کامیاب دوا ہے۔

حفظ ماتقدم کے طور پر اس کا استعمال بعد اثرات سے پاک انتہائی فائدہ مند ہے۔

**ترکیب استعمال**: 10 ملی لیٹر 2 چمچ چائے والے صبح دوپہر شام نیم گرم پانی میں ملا کر یا چاٹ کر یا معالج کی ہدایت کے مطابق استعمال کریں۔

## تریاق نزلہ

نزلہ حار (گرمی سے ہونے والا نزلہ) میں پتلا بلغم، ناک سے مسلسل خارج ہوتا ہے اور چھینکیں بھی کثرت سے آتی ہیں۔ اس حالت میں تریاق نزلہ کا استعمال نہایت ہی مفید ہے۔ اس سے کھانسی اور گلے کی خراش دور ہو جاتی ہے۔ دائمی نزلہ کیلئے بھی مفید اور موثر دوا ہے۔

**ترکیب استعمال**: بچوں کے لئے: صبح و شام پانچ گرام (نصف چائے کا چمچ) نیم گرم پانی کے ساتھ

بڑوں کے لئے: صبح و شام دس گرام (ایک چائے کا چمچ) نیم گرم پانی کے ساتھ

## ٹائی فائیڈ ایس

ٹائیفائیڈ کے لئے یہ سیرپ بہت ہی مفید ہے۔اس بخار کے جو اثرات آنتوں میں ہوتے ہیں ان کو جلد دور کرکے آنتوں کو قوت پہنچاتا ہے۔موتی جھرہ میں دانوں کو جلد نکالتا اور مریض کو تسکین دینے کے لئے بھرپور دوا ہے۔بخار سے ہونے والی نقاہت اور کمزوری کو رفع کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح،دوپہر،شام بچوں کیلئے ایک چمچ چائے والا، بڑوں کیلئے دو چمچ چائے والے

## جوارش آملہ

وٹامن سی کا قدرتی لذیذ مرکب ہے جو آنتوں کی سوزش میں مفید ہے۔کمزوری کو دور کرتی ہے۔معدہ اور دل کو طاقت دیتی ہے۔دل اور جگر کی زائد حرارت کو کم کرتی ہے۔اختلاج اور تبخیر میں مفید ہے۔صفراوی دستوں کو روکتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح،دوپہر،شام بڑوں کیلئے دس گرام یک بڑا چمچ کھانے والا ہمراہ تازہ پانی بچوں کیلئے پانچ گرام آدھا چمچ ہمراہ پانی

## جوارش انارین

معدہ اور جگر کو تقویت دیتی ہے۔متلی ،قے،اسہال کو روکتی ہے۔صفراء کی زیادتی کم کرکے گرمی میں تسکین دیتی ہے۔صفراوی مزاج والوں کے معدے کو طاقت دیتی ہے اور بھوک لگاتی ہے۔متلی کی شکایت میں مفید ہے۔یرقان کو رفع کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** کھانے کے بعد پانچ گرام پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

## جوارش جالینوس

جوارش جالینوس امراض نظام ہضم کے لیے طب یونانی کا مایہ ناز مرکب ہے جو معدے کی فاسد رطوبات کو جذب کرتی ہے۔بھوک کی کمی بدہضمی،آنتوں اور جگر کی کمزوری،کثرت ریاح قبض،منہ کی بدبو تبخیر معدہ،گیس اور اس سے پیدا ہونے والے سر درد،مثانہ کی کمزوری،پیشاب کے بار بار آنے اور جسمانی کمزوری کو دور کرنے کیلئے یکساں طور پر مفید ہے۔اس کا استعمال بالوں کو قبل از وقت سفید ہونے سے روکتا ہے۔

نظام ہضم کی اصلاح کرکے خون کی پیدائش بڑھاتی ہے۔چہرے کی زردی کو دور کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** کھانے کے بعد دوپہر اور رات دس دس گرام ہمراہ پانی استعمال کریں۔

## جوارش زر عونی سادہ

معدہ، جگر، مثانہ اور گردوں کی کمزوری اور سردی کو دور کرتی ہے۔ گردوں کو تقویت دینے کے علاوہ دید جنسی اور خرس میں مفید ہے۔ گردوں کو طاقت دے کر ان کے افعال با قاعدہ بناتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح وشام پانچ گرام سادہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

## جوارش زر عونی عنبری

گردوں کے امراض کے لیے طب یونانی کی معتبر ادویات میں اس کا شمار ہوتا ہے۔ گردوں کو طاقت دے کر ان کے فعل کو درست کرتی ہے گردوں کی کمزوری سے اگر کمر درد بنتا ہو تو اس کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔ جنسی قوت کو بڑھاتی ہے اور اعصاب کو تقویت دیتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح وشام پانچ گرام ہمراہ پانی استعمال کریں۔

## جوارش شاہی

معدہ اور دل کو طاقت دیتی ہے۔ بھوک لگاتی ہے اور تبخیر معدہ میں مفید ہے تیزابیت کی زیادتی کو دور کر کے فرحت اور سکون بخشتی ہے مراق اور خفقان کی شکایت میں فائدہ مند ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح وشام ایک چمچ چائے والا ہمراہ عرق بادیان 1 کپ کے ساتھ لیں۔

## جوارش کمونی

معدہ کی کمزوری کو رفع کرتی ہے۔ معدے کی بڑھی ہوئی رطوبت کو کم کرتی ہے، حرارت پیدا کر کے معدے کی سستی و سردی (برودت) کو کم کرتی ہے۔ اور ہچکیوں کو روکتی ہے۔ قوت ہاضمہ کو بڑھا کر ہاضمہ کی خرابی کو دور کرتی ہے۔ بھوک لگاتی ہے۔ معدہ اور آنتوں کو فاسد مواد سے پاک کرتی ہے۔ پیٹ درد، ریح کی کثرت نفخ اور زیادہ ڈکار آنے کو دور کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام دس دس گرام ہمراہ پانی استعمال کریں۔

## جوہر امساک کیپسول

جوہر اساک کیپسول اپنے موثر اجزا کی وجہ سے فوری اثر دوا ہے۔ جس کے استعمال سے عضلی ریشوں میں قوت پیدا ہو جاتی ہے۔ اور وہ خون کو زیادہ دیر تک عضو میں روکے رکھتے ہیں۔ اور اس طرح طبعی امساک پیدا ہوتا ہے۔ جوہر اساک مردانہ قوت میں اضافہ کرتا ہے۔ انتشار کو مضبوط بناتا ہے۔ اعصابی کمزوری، ذکاوت حس

اور مرکز شہوت کی کمزوری سے اگر سرعت انزال کی شکایت ہو گئی ہو تو اس کے استعمال سے رفع ہو جاتی ہے۔ قوت اور امساک میں اضافہ کے ساتھ یہ کیپسول طبیعت میں فرحت اور سکون بھی پیدا کرتے ہیں۔

**ترکیب استعمال:** صبح، شام ایک کیپسول ہمراہ دودھ یا دو کیپسول وقت خاص سے دو گھنٹے پہلے ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

## جریانی کیپسول

جریان ایک ایسا مرض ہے۔ جس میں مادہ منویہ آہستہ آہستہ ضائع ہوتا رہتا ہے۔ اگر یہ مرض زیادہ پرانا ہو جائے تو ضعف باہ، خرابی ہضم اور خون کی کمی جیسے امراض لاحق ہو جاتے ہیں۔ جس کی وجہ سے عام جسمانی کمزوری، طبیعت میں سستی و کاہلی، چہرے کی رنگت زرد ہو جاتی ہے۔ ذرا سے بھاگنے پر دل کی دھڑکن تیز ہو جاتی ہے۔ خود اعتمادی کی کمی اور جنسی بے رغبتی جیسی علامات پیدا ہو جاتی ہیں۔

لاثانی فارما پرائیویٹ لمیٹڈ نے طویل کوشش اور ریسرچ کے بعد قیمتی اور موثر اجزاء سے جریانی کیپسول تیار کئے ہیں۔ جو نئے اور پرانے جریان کے اسباب کو رفع کر کے اس سے پیدا ہونے والے اثرات کو دور کرتے ہیں۔ جنسی اور جسمانی کمزوری کو دور کرتے ہیں اور مردانہ ہارمون بڑھاتے ہیں۔ یہ ہر قسم کے مضر اثرات سے پاک ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام دو دو کیپسول ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

## جواھر مھرہ (اعلیٰ قسم)

(قیمتی جواہرات و نمکیات پر مبنی کثیر الفوائد دوا)

جواہر مہرہ طب اسلامی کا ایک ایسا مرکب ہے جس کی افادیت صدیوں سے مسلم ہے۔ ہمارے شعبہ ریسرچ نے اس کے اجزائے نسخہ پر نظر ثانی کر کے اس میں ایسے اجزاء کا اضافہ کیا ہے جو کہ عضلاتی ریشوں پر اثر انداز ہو کر دل کی قوت کو بحال رکھتا ہے اور حرکت قلب کو منظم کرتا ہے۔

امراض قلب کی خصوصی ادویات میں اس کا شمار کیا جاتا ہے۔ دل و دماغ اور اعصاب کے لئے عمدہ دوا ہے۔ اعصاب کی ضائع شدہ قوت بحال کرتا ہے۔ یہ کمزور دماغی مراکز کو طاقت دے کر دماغ کو تقویت دیتا ہے۔ عام جسمانی اور بیماری کے بعد ہونے والی کمزوری میں مفید ہے۔ درد دل (انجائنا) میں فوری اثر دوا ہے۔

**ترکیب استعمال:** طبیب کے مشورہ سے استعمال کریں۔

## **چشمینہ** (آئی ڈراپس)

دکھتی آنکھ کیلئے مجرب ہے۔ آنکھ کا دکھنا، پانی بہنا، آنکھوں کا سرخی مائل ہونا، آشوب چشم وغیرہ میں چشمینہ کا استعمال فوری اثر ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲ سے ۳ قطرے متاثرہ آنکھ میں دن میں چار مرتبہ ڈالیں۔

## **حیاتین ٹانک**

حیاتین ٹانک فولاد کا مرکب ہے۔ حیاتین ٹانک جسم میں خون کی پیدائش کو بڑھانے اور سرخ ذرات کے اضافہ کے لئے موثر دوا ہے۔ عام جسمانی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ چہرے کی زردی کو دور کر کے رنگ نکھارتا ہے۔ جگر کی اصلاح کرتا ہے۔ غذا کو صحیح طور پر ہضم کر کے جزو بدن بناتا ہے۔ امراض جگر میں مفید ہے۔ حیاتین ٹانک بچوں کی نشوونما میں بھی بہترین کردار ادا کرتا ہے۔ سستی اور کاہلی کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح و شام کھانے کے بعد (بچوں کیلئے) ایک چمچ چائے والا دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔
صبح و شام کھانے کے بعد (بڑوں کیلئے) دو چمچ چائے والے دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

## **حب ازراقی**

اعصابی بیماریوں اور دردوں میں قائمہ مند ہے۔ فالج، لقوہ، رعشہ وغیرہ کی شکایت میں مفید ہے۔ اعصاب کو قوت پہنچاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح و شام کھانے کے بعد دو گولی ہمراہ پانی استعمال کریں۔

## **حب بخار**

خالص دیسی جڑی بوٹیوں سے تیار شدہ بخار کے لئے کامیاب اور موثر دوا ہے۔ بخار کی شکایت ان گولیوں کے استعمال سے رفع ہو جاتی ہے۔ جسمانی درد، کمزوری اور نقاہت کو دور کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام بچوں کیلئے ایک گولی پانی کے ہمراہ
صبح، دوپہر، شام بڑوں کیلئے دو گولی پانی کے ہمراہ

## **حب پیچش**

اسہال اور پیچش کی قیمتی دوا ہے۔ بڑی آنت اور چھوٹی آنت کے ورم کو دور کرتی ہے۔ آنتوں کی اندرونی سطح پر جو زخم آجاتے ہیں۔ ان کو بڑی خوبی سے بھر دیتی ہے۔ پیچش اور دستوں میں آنتوں کی حرکت بڑھ جاتی ہے۔

لاثانی فارما کی یہ گولیاں اس حرکت کو اعتدال پر لاتی ہیں اور پیچش و دست کی تکلیف جاتی رہتی ہے۔ ہر قسم کے پیچش اور اسہال کے لیے مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** ہر چار گھنٹے بعد پانی کے ساتھ بچوں کیلئے ایک گولی، بڑوں کیلئے دو گولی

## حب تنکار

دائمی قبض کو دور کرتی ہے۔ مقوی معدہ ہے۔ بھوک لگاتی ہے۔ اس کے استعمال سے اجابت با قاعدہ ہو جاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** قبض کی صورت میں دو یا تین گولیاں نیم گرم پانی یا دودھ کے ہمراہ رات کو سوتے وقت کھائیں۔

## حب جریان

جریان کی شکایت کو دور کرتی ہے۔ اس کے استعمال سے مادہ منویہ گاڑھا ہو جاتا ہے۔ اور جریان سے پیدا ہونے والے دیگر عوارض بھی رفع ہو جاتے ہیں۔

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام دو گولی پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

## حب جگر

حب جگر خون پیدا کرتی ہیں۔ ان کے استعمال سے جگر کی کمزوری، جگر کا ورم اور جگر بڑھ جانے کی شکایت رفع ہو جاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** بچوں کیلئے صبح، دوپہر، شام ایک گولی ہمراہ پانی لیں۔

بڑوں کیلئے صبح، دوپہر شام دو گولی ہمراہ پانی لیں۔

## حب راحت

احتلام کی مجرب دوا ہے۔ احتلام کی شکایت خواہ کتنی ہی پرانی ہو۔ حب راحت سے دور ہو جاتی ہے۔ یہ دوا قوت ماسکہ کو بڑھا کر احتلام پر قابو پاتی ہے۔ اور پیشاب کی جلن کو دور کرتی ہے۔ احتلام کی وجہ سے کمزوری، سستی اور کاہلی کو دور کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام دو گولی ہمراہ پانی استعمال کریں۔

## حب سورنجاں

جوڑوں کے درد عرق النساء یعنی لنگڑی کے درد کی شکایت میں مفید اور مجرب دوا ہے۔ درد کا باعث بنے

والے زائد یورک ایسڈ کو خارج کرتی ہے۔ اور مریض کو سکون بخشتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح دوپہر شام دو گولی ہمراہ پانی استعمال کریں۔

## حب شفاء (زعفرانی)

(نشہ آور ادویات سے پاک نشہ کا یقینی علاج)

لاثانی فارما نے ہر قسم کے نشہ کے عادی افراد کیلئے طبی تحقیق کی مدد سے دیسی جڑی بوٹیوں کے مرکب سے "حب شفاء" زعفرانی گولیاں تیار کی ہیں۔ ان گولیوں میں جواہر مہرہ زعفران، مروارید اور الائچی خرد سرفہرست ہیں کیونکہ نشہ کے عادی لوگوں کے اعضائے رئیسہ (دل، دماغ، جگر) بُری طرح متاثر ہوتے ہیں اور اعصابی نظام بھی تباہ و برباد ہو جاتا ہے۔ آدمی کی بھوک ختم ہو جاتی ہے اور خون کی کمی کی بناء پر آدمی سوکھ کر کانٹا ہو جاتا ہے نیز قوت مدافعت کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

چنانچہ "حب شفاء زعفرانی" دل، دماغ، جگر یعنی اعضائے رئیسہ کو طاقت دے کر جسمانی نظام کو بحال کرتی ہے۔ جس سے جسم کے اندر بے پناہ قوت پیدا ہو جاتی ہے۔ جو ہیروئن، چرس، افیون جیسے نشوں کو آسانی سے چھڑا کر نشی کو اس عادت بد سے ہمیشہ کے لئے نجات دلا دیتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام ایک یا دو گولی ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

## حب عنبر مومیائی

(قوت باہ کے لیے طب یونانی کی قابل بھروسہ دوا)

قوت باہ کے لئے یہ گولیاں نہایت ہی مفید ہیں۔ نوجوانی کی غلط کاریوں سے اعضائے تناسل اور اعضائے رئیسہ میں جو ضعف آجاتا ہے اسے رفع کرتی ہے۔ مقوی اعصاب ہونے کے ساتھ ساتھ بیان کو توازن و تناسب کے ساتھ بیدار بھی کرتی ہیں۔ اعضائے تناسلیہ کو محفوظ و ہیجان کے لئے آمادہ کر کے اجزائے محفوظ (خون، روح اور ریح) کافی مقدار میں عضو کے جسم اسفنجی اور جسم اجوف کی طرف دوڑا دیتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح، شام ایک گولی دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ جماع کے بعد دو گولی ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ زائل شدہ توانائی بحال کرتی ہے۔

## حب کبد نوشادری

غذا کو ہضم کرتی ہے۔ خوب بھوک لگاتی ہے۔ پیٹ کی گرانی اپھارے اور بدہضمی کی شکایت میں مفید ہے۔

غلیظ ریح کو توڑ کر خارج کرتی ہے۔ جگر کا فعل اس کے استعمال سے درست ہو جاتا ہے۔ بچوں اور بڑوں کے جگر کی خرابی میں یکساں طور پر فائدہ مند ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام دو دو گولی ہمراہ پانی استعمال کریں۔

## حب گردہ

گردہ اور مثانہ میں پتھری یا ریاح سے گردہ کی تکلیف میں موثر ہے۔ گردہ سے ریاح کو خارج کرتی ہے۔ اور پتھری کے اخراج میں معاونت کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام دو گولی پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

## حب لاثانی جواہر دار

حب لاثانی جواہر دار عام جسمانی کمزوری کے لئے قیمتی اور مجرب دوا ہے۔ اعصاب کو مضبوط کرتی ہے۔ طاقت کو بڑھا کر اعتدال پر لاتی ہے۔ دل و دماغ اور جگر کو طاقت دے کر ان کے فعل کو باقاعدہ بناتی ہے۔ یہ دوا نہایت مقوی اور ممسک ہے۔ اس کے 12 اجزائے مرکب میں جواہر مہرہ، زعفران، مروارید، عنبر، الائچی خورد وغیرہ سر فہرست ہیں جس سے جسم کے اندر بے پناہ قوت پیدا ہو جاتی ہے۔ اور انسان چاک و چوبند رہتا ہے۔ مردوں اور عورتوں سب کے لئے یکساں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** رات کو سوتے وقت ایک سے دو گولی ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

## حب لیکوریا

فی زمانہ خواتین میں سیلان الرحم (لیکوریا) کی شکایت بہت عام ہے۔ اکثر خواتین اس مرض میں مبتلا ہیں۔ حب لیکوریا سیلان الرحم یعنی رحم سے پانی کی طرح سفید رطوبت کے اخراج کو روکتی ہے۔ مقوی رحم ہے۔ اسقاط (بچے ضائع ہونے) کی شکایت ان گولیوں کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام دو گولی دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

## حب مدر (ماہواری)

رحم کی شدید تکلیف کو دور کرتی ہے۔ اکثر خواتین کو رحم کی کمزوری یا خصیۃ الرحم کے فعل کی خرابی کی وجہ سے ایام کے زمانے میں شدید تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ جسم کا جوڑ جوڑ درد کرتا ہے۔ پیٹ میں شدید کرب اور بے چینی ہوتی ہے۔ ماہواری رک رک کر اور تکلیف کے ساتھ یا بہت کم ہوتی ہے۔ غرض کہ ایسی شدید تکلیف جو برداشت

سے باہر ہوتی ہے۔ایسی خواتین کے لئے حب مدر بے حد مفید دوا ہے۔یہ گولیاں رحم کو طاقت دیتی ہیں۔اس کے استعمال سے حیض کا خون جاری ہوجاتا ہے۔اور عورتوں کو ماہواری کی اس تکلیف سے نجات مل جاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح،شام دو گولی نیم گرم دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

**نوٹ:** دوران حمل استعمال نہ کریں۔

## حب مُصفی

خون کی خرابی کو دور کرتی ہے۔پھوڑے پھنسیوں اور خون کی دیگر بیماریوں کی کامیاب دوا ہے۔چہرے کے داغ دھبے، چھائیوں وغیرہ کو موثر طور پر دور کرتی ہے۔حب مصفی کو شربت مصفی کے ساتھ استعمال کرنے سے فوائد دوگنا بڑھ جاتے ہیں۔

**ترکیب استعمال:** صبح،دوپہر،شام دو گولی ہمراہ پانی استعمال کریں۔

## حب مقوی اعصاب

اعصاب کو طاقت دیتی ہے۔اعصابی درد، جوڑوں کے درد اور ریاحی درد میں مفید ہے۔جسم میں خون کی پیدائش کو بڑھاتی ہے۔لو بلڈ پریشر میں مفید ہے۔خون کا طبعی دباؤ بحال کرتی ہے۔یہ گولیاں امساک بھی پیدا کرتی ہیں۔زائل شدہ توانائی بحال کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح،دوپہر،شام دو گولی ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

## حب ملیریا

ملیریا اور موسمی بخاروں کیلئے یہ گولیاں موثر ہیں۔ان کے استعمال سے زہریلے مادے خارج ہو جاتے ہیں۔بخار کے بنیادی سبب کو دور کرتی ہیں۔بخار کے بعد بے چینی اور کمزوری کو بھی دور کرتی ہیں۔ان کے استعمال سے پسینہ آجاتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی ہر چار گھنٹے بعد ہمراہ پانی استعمال کریں۔

## خمیرہ ابریشم(سادہ)

دل ودماغ اور بصارت کو قوت دیتا ہے۔خفقان اور مالیخولیا کو رفع کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** پانچ گرام صبح،شام پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

## خمیرہ ابریشم (حکیم ارشد والا)

امراض قلب و دماغ کے لئے موثر ہے۔ حرکت قلب کو منظم کرتا ہے۔ اختلاج قلب، ضعف قلب، گھبراہٹ اور بے چینی کو دور کرتا ہے۔ دماغی کمزوری کے لئے موثر ہے۔ مفرح قلب ہونے کی وجہ سے طبیعت میں تازگی پیدا کرتا ہے اس کے استعمال سے بے خوابی اور مالیخولیا کی شکایت نہیں ہوتی۔ عام جسمانی کمزوری دور ہوتی ہے اور اعضائے رئیسہ کو تقویت ملتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** بچوں کیلئے: ڈھائی گرام چوتھائی چمچ (چائے والا) ہمراہ پانی صبح وشام

بڑوں کیلئے: پانچ گرام آدھا چمچ (چائے والا) ہمراہ پانی صبح وشام

## خمیرہ گاؤزبان

خمیرہ گاؤزبان مقوی قلب و دماغ ہونے کے علاوہ مالیخولیا، خفقان، دل کی دھڑکن اور ضعف بصارت میں مفید ہے۔ گلے اور پھیپھڑوں کی سوزش کو بھی دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** دس گرام ہمراہ سادہ پانی استعمال کریں۔

## خمیرہ گاؤزبان عنبری

☆مقوی دماغ ہے۔ ☆حافظہ اور بینائی کی حفاظت کرتا ہے۔ ☆نزلہ، زکام میں مفید اور مجرب ہے۔ ☆یادداشت کو بڑھاتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** پانچ سے دس گرام صبح نہار منہ اور شام چار بجے استعمال کریں۔

## خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر دار

☆دماغ اور حافظہ کو قوی کرتا ہے۔ ☆نسیان (بھول جانے کے مرض) میں مفید ہے۔ ☆عقل اور ذہن تیز کرتا ہے۔ ☆دائمی نزلہ، زکام اور اعصاب کی تھکان اس کے استعمال سے رفع ہو جاتی ہے۔ ☆ہر قسم کے مزاج کا مریض بلا جھجک استعمال کر سکتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** پانچ گرام خمیرہ صبح نہار منہ اور رات کو سوتے وقت عرق گاؤزبان کے ساتھ استعمال کریں۔

## خمیرہ مروارید

خمیرہ مروارید مفرح و مقوی قلب ہے۔ دل و دماغ کو تقویت دیتا ہے۔ اختلاج قلب، خفقان اور گھبراہٹ کو دور کرتا ہے۔ چیچک، خسرہ اور ٹائیفائڈ کے اثرات سے محفوظ رکھتا ہے۔ ہائی بلڈ پریشر کو اعتدال پر لاتا ہے۔ کیلشیم کی

کمی کو پورا کرتا ہے۔ نسوانی امراض کی وجہ سے خواتین کی کمزوری اور لیکوریا کے لئے بھی مفید اور موثر ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح، شام پانچ گرام خمیرہ ہمراہ عرق گاؤزبان 1 کپ استعمال کریں۔

## دوالمسک معتدل (سادہ)

مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔ بالخصوص دل اور جگر کو قوت دے کر خون کی پیدائش کو بڑھاتی ہے۔ اور دوران خون کو تیز کرتی ہے۔ دل کی دھڑکن، گھبراہٹ، بے چینی، امراض معدہ اور بیماری کے بعد کی کمزوری کو رفع کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام دس گرام ہمراہ عرق گاؤزبان یا سادہ پانی سے استعمال کریں۔

## دوالمسک معتدل جواہر دار

دوالمسک معتدل جواہر دار قدرتی Z کی بوٹیوں اور جواہرات کا زود اثر مرکب ہے۔ یہ دل کو طاقت دیتی ہے۔ اور اس کے فعل کو باقاعدہ بناتی ہے۔ دل کی بے ترتیب حرکات کو اعتدال پر لاتی ہے۔ دل کے اعصابی ریشوں کو توانائی بخشتی ہے۔ دل کو طاقت دے کر بدن کے ہر عضو میں خون پہنچانے کے قابل بناتی ہے اس لیے غشی میں ہاتھ پاؤں کا ٹھنڈا ہو جانا کی کیفیت میں نہایت مفید ہے جگر کو طاقت دے کر اس کے افعال کو درست کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح، شام پانچ گرام ہمراہ عرق گاؤزبان یا سادہ پانی سے استعمال کریں۔

## ذائی میکسو (سیرپ اور ٹیب)

گیس (تبخیر معدہ) اور آنتوں کی تقویت کے لئے موثر دوا ہے۔ مقوی معدہ ہے۔ اور عام جسمانی کمزوری کو بھی دور کرتی ہے۔ اطباء کرام نے معدہ کی خرابی کو ام الامراض کے نام سے یاد کیا ہے۔ انسانی صحت کا دارومدار معدہ کے صحیح فعل پر ہے۔ کیونکہ اگر معدہ صحیح کام کرے گا تو غذا صحیح طور پر ہضم ہو کر جزو بدن بنے گی۔ جسم میں خون کی پیدائش میں اضافہ ہوگا۔ جسمانی کمزوری دور ہوگی۔ انسان صحت مند اور تندرست رہے گا۔

معدہ کی خرابی سے جب غذا صحیح طور پر ہضم نہ ہوگی تو گیس، تبخیر معدہ، درد معدہ، تنگی، متلی، قے، ایکائی، بد ہضمی، اپھارہ، ہاتھ، پاؤں اور سینے کی جلن، تیزابیت، ورم معدہ، بھوک کی کمی، چہرے کی زردی جیسی بیماریاں انسان کو گھیر لیتی ہیں۔ ہمارے شعبہ ریسرچ نے ذائی میکسو کا نسخہ ترتیب دیتے وقت ایسی Z کی بوٹیوں اور اجزا کا انتخاب کیا ہے جو نظام ہضم کو تقویت دے کر معدہ، جگر اور آنتوں کی اصلاح کر کے انہیں اپنے افعال کو صحیح طور پر انجام دینے کے قابل بناتا ہے۔ ذائی میکسو سیرپ اور گولیاں گیس، تبخیر معدہ کے لئے ایک جامع اور متوازن دوا ہے۔ عوام اور اطباء اس پر تجربہ طور پر بھروسہ کرتے ہیں۔

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام دو گولی ہمراہ پانی استعمال کریں۔ ڈاٹی میکسو سیرپ ایک یا دو چمچ کھانے کے بعد استعمال کریں۔

## ڈومیکس (ایلومینیم ٹیوب)

(پھوڑے، پھنسی، خارش، ایڑیوں کا پھٹ جانا اور دوسرے جلدی امراض کے لئے مفید و موثر)

جلد جسم انسانی پر نازک حفاظتی تہہ ہے جسکی بناوٹ ہر حصہ کے حساب سے مخصوص ہے جسم کے مختلف حصوں پر اسکی بناوٹ اور افعال میں تھوڑا بہت فرق ہے اندرونی طور پر جلد خون کی کمی یا خرابی سے متاثر ہوتی ہے زیادہ تر بیرونی عوامل جلد کے مسائل کا باعث بنتے ہیں خاص طور پر خارش وغیرہ کی جلد اقسام میں اندرونی، بیرونی دونوں عوامل شامل ہوتے ہیں۔

لاثانی ڈومیکس بیرونی استعمال کی بہترین مرہم ہے اسکے اجزاء نہ صرف مقامی طور پر بیماری دور کرتے ہیں بلکہ جلد میں جذب ہو کر اندرونی بہتری بھی پیدا کرتے ہیں۔ جلد کی کسی بھی قسم کا خارش میں متاثرہ جگہ کو صاف کر کے مرہم لگائی جا سکتی ہے۔ صرف فنگس کے انفیکشن میں اسکی افادیت کم ہوتی ہے کیونکہ وہ ایک علیحدہ قسم کی بیماری ہے جلد پھٹنے کی صورت میں ڈومیکس بہترین رزلٹ دیتی ہے معمولی زخم تو ایک مرتبہ استعمال سے ہی مندمل ہو جاتے ہیں۔ اب اسکی بہتر شکل آپ کے سامنے ہے ناپسندیدہ بو (Smell) کو اچھی خوشبو سے بدل دیا گیا ہے۔

**ترکیب استعمال:** متاثرہ جگہ پر حسبِ ضرورت آہستہ آہستہ استعمال کریں۔

## ڈونل مرہم (کریم)

صدیوں سے نیم کا استعمال خون کی صفائی اور جلدی امراض کیلئے جاری ہے۔ لاثانی فارما کے شعبہ تحقیق نے نیم کی ادویاتی خصوصیات کو مدنظر رکھتے ہوئے جلدی امراض کیلئے ڈونل کریم تیار کی ہے۔ شعبہ تحقیق اس کے کامیاب کلینیکل ٹرائل کے بعد اس کو مارکیٹ میں پیش کر رہا ہے۔ یہ ہر قسم کی خارش (تر و خشک) میں مفید اور کامیاب ہے۔ گرمی دانوں کو دور کرتی ہے۔ پھوڑے پھنسیاں اس کے استعمال سے رفع ہو جاتی ہیں۔

**ترکیب استعمال:** متاثرہ حصے کو نیم گرم پانی سے دھو کر خشک کریں۔ ڈونل کریم کو متاثرہ حصہ پر باریک تہہ کی صورت میں لگائیں۔ تھوڑا ملنے سے کریم جلد میں جذب ہو جائے گی۔ مرض کی شدت میں دن میں تین سے چار مرتبہ روزانہ استعمال کریں۔

## ذد جام کیپسول

عمر گزرنے کے ساتھ ساتھ انسان جسمانی اور جنسی طور پر کمزور ہو جاتا ہے اور ایسے ٹانک کی ضرورت محسوس کرتا ہے۔ جو اعضائے رئیسہ کو تقویت دے کر جنسی کمزوری دور کرے۔ ذدجام کیپسولز کی تیاری میں مرض کے اصل سبب کو مدنظر رکھا گیا ہے۔ نسخہ میں ایسے اجزا شامل کئے گئے ہیں۔ جو مردانہ کمزوری، ضعف باہ، کثرت مباشرت اور نوجوانی کی غلط کاریوں، جلق یا احتلام سے پیدا شدہ اثرات کو مکمل طور پر زائل کر کے قوت وشباب کو برقرار رکھتے ہیں۔ محرک ہونے کی وجہ سے تحریک پیدا کرتے ہیں۔ بے رغبتی کو دور کرتے ہیں۔ اور ذدجام کیپسول بڑھاپے کا احساس نہیں ہونے دیتے۔ مردانہ کمزوری کے مریضوں کے لئے مناسب اور متوازن دوا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک کیپسول صبح ۱۰ بجے اور شام ۴ بجے روزانہ دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

## ریلیکس ٹیب

یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ اکثر بیماریوں کا سبب قبض ہوتی ہے۔ اگر علاج سے قبل قبض کو دور کر لیا جائے تو بیماری جلد رفع ہو جاتی ہے۔ لیکن قبض کو دور کرنے کے لئے جو دوا بھی تیار کی جائے اس کی یہ خوبی ہونی چاہیے کہ وہ معدہ اور آنتوں میں جمع شدہ فاسد مواد کو بغیر کسی تکلیف کے خارج کرے۔ ریلیکس اسی خوبی کی حامل دوا ہے۔ جو کسی قسم کا غلط رد عمل مثلاً مروڑ، متلی، قے پیدا نہیں کرتی۔ بلکہ یہ آنتوں کی حرکات کو باقاعدہ بنا کر قبض سے مستقل نجات دلاتی ہیں۔ اور اس کے استعمال سے دوبارہ قبض کا اندیشہ نہیں رہتا۔

**ترکیب استعمال:** رات سوتے وقت ایک سے دو گولی نیم گرم پانی یا دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

## روغن بادام

(میٹھے باداموں کا 100فی صد خالص تیل)

آنتوں کی قوت کو بڑھاتا ہے۔ قبض کو دور کرتا ہے۔ دماغ کو تقویت دیتا ہے۔ سر کی خشکی دور کرتا ہے۔ بے خوابی کی شکایت کو دور کر کے گہری نیند لاتا ہے۔ آنتوں کی خشکی کو رفع کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح و شام ۱ ایک چمچ چائے والا دودھ میں ملا کر استعمال کریں۔ خشکی کی صورت میں سر پر مالش کریں۔

## روغن بیضہ مُرغ

روغن بیضہ مرغ طب اسلامی کا خاص تیل ہے۔ جو کہ دیسی انڈوں سے لاثانی فارما (PVT) میں بڑی

احتیاط سے تیار کیا جاتا ہے۔ ضعف باہ اور دماغی کمزوری کے لئے موثر ہے۔ بالوں کے قدرتی رنگ کو برقرار رکھتا ہے۔ اور گنجے پن کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** طبیب کے مشورے سے استعمال کریں۔

## روغن زیتون

روغن زیتون بے پناہ خوبیوں کا حامل تیل ہے۔ پیٹ کی پتھری اس کے لگاتار استعمال کرنے سے خارج ہو جاتی ہے۔ مالش کرنے سے اعصاب کو تقویت حاصل ہوتی ہے۔ اور سخت جوڑ نرم ہو جاتے ہیں۔ جلد کی خشکی اور چنبل کے داغوں کے لئے مفید ہے۔ قبض کو دور کرتا ہے۔ کولیسٹرول کی زیادتی اور دل کے مریض اس کو بلا خوف خطر استعمال کر سکتے ہیں۔ کیونکہ اس کے استعمال سے خون میں بر سے یا مضر صحت چکنائی کی مقدار کم ہو جاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** رات کو سوتے وقت دو چمچ دودھ میں ملا کر استعمال کریں۔ دردوں اور ورموں کو تحلیل کرنے کے لئے متاثرہ جگہ پر مالش کریں۔

## روغن شفاء

جوڑوں کے درد اور اعصابی درد کے لئے موثر ہے۔ جوڑوں کے درد، اعصابی درد، عرق النساء، گنٹھیا، موچ وغیرہ میں مریض اس طرح تنگ آ جاتا ہے کہ وہ چلنے پھرنے اور کام کرنے سے کوفت محسوس کرتا ہے۔ روغن شفاء میں ایسے قدرتی اجزا شامل ہیں جو انسانی جلد میں جذب ہو کر ان تمام امراض کو دور کرتے ہیں اور مریض کو سکون دیتے ہیں۔

**ترکیب استعمال:** درد، موچ اور ورم والی جگہ پر تھوڑا سا روغن نیم گرم کر کے مالش کریں۔

**نوٹ:** صرف بیرونی استعمال کے لیے۔

## روغن کدو

☆دماغ کو ٹھنڈک پہنچاتا ہے۔ ☆سر کی خشکی کو دور کرتا ہے۔ ☆بے خوابی میں موثر ہے۔ ☆گرمی کی وجہ سے ہونے والے سر درد کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** رات کو سوتے وقت سر پر مالش کریں۔

## روغن لونگ

☆مقوی اعصاب ہے۔ ☆پٹھوں کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ ☆فالج، لقوہ کے امراض میں مالش کرنے

سے ازالہ مرض میں معاون ہے۔

نیز دانت درد (کھوڑ) میں روئی کا پھایہ رکھنا سکون آور ہے۔

**ترکیب استعمال:** متاثرہ جگہ پر مالش کریں۔ دانت درد کی صورت میں بقدر ضرورت روئی پر لگا کر کھوڑ میں رکھیں۔

## سفوف السر

لاثانی فارما (PVT) کا شعبہ تحقیق و ریسرچ عصر دور کے امراض پر اپنی معالجانہ کاوشیں جاری رکھے ہوئے ہے۔ السر جسے موجودہ دور میں لا علاج مرض قرار دیا جاتا ہے اور عوام الناس پریشان حال پھرتے ہیں اور ان کا علاج نہیں ہو پاتا۔ مگر ہمارے معالجین نے دیسی جڑی بوٹیوں سے ایک ایسا بے ضرر اور خوش ذائقہ سفوف تیار کیا ہے جو السر کے مرض کو جڑ سے ختم کر دیتا ہے۔ سفوف السر کے مکمل استعمال سے آپ ہمیشہ کے لئے اس موذی مرض سے نجات حاصل کر لیں گے۔

**ترکیب استعمال:** ایک چمچ چائے والا صبح، دوپہر، شام تازہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

انٹی السر سیرپ کے ہمراہ استعمال سے اس کے فوائد دوگنا بڑھ جاتے ہیں۔

## سفوف الرجی

(ہر قسم کی الرجی کی کامیاب اور زود اثر دوا)

الرجی (تیش حسی) دور حاضر کے بڑھتے ہوئے عارضات میں سے ایک اہم مسئلہ ہے۔ چھپاکی (جلد پر اچانک نمودار ہونے والے ابھار)، خارش، کھجلی اور جلدی مسائل میں روز افزوں اضافہ ہو رہا ہے اس کے ساتھ بعض افراد معمولی گرد و غبار، دھواں، کیمیکل کی بو، پرفیوم وغیرہ کی خوشبویات سے بھی الرجی کی شکایت کا شکار ہو جاتے ہیں۔

لاثانی فارما کے شعبہ ریسرچ نے الرجی اور جلدی مسائل کے اسباب کا جائزہ لیکر قدرتی اجزاء پر مبنی سفوف الرجی کا زود اثر اور مضر اثرات سے پاک نسخہ ترتیب دیا ہے جو ہر قسم کی الرجی کی کامیاب دوا ہے۔ یہ جگر کی کارکردگی کو بہتر کر کے ہسٹامین کی سطح کو طبعی حالت میں لا کر الرجی کی تمام علامات کو رفع کرتا ہے۔ تجربات سے ثابت ہوا ہے کہ اس کے باقاعدہ استعمال سے الرجی کا مستقل خاتمہ ممکن ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام ایک چمچ (چائے والا) شربت حساب 3-3 چمچ پانی میں ملا کر استعمال کریں۔

## سفوف بتول

(عورتوں کے تمام مسائل کے لیے بہترین ٹانک)

خواتین اپنی فطری شرم وحیا کی وجہ سے اپنے مخصوص عوارض کا اپنے معالج کو نہیں بتاتی ہیں۔ جس کی وجہ سے یہ امراض پُرانے ہو کر مزید پیچیدگیاں پیدا کرتے ہیں اور ان کی آنے والی آئندہ زندگی میں تکلیف کا باعث بنتے ہیں۔

ہمارے شعبہ ریسرچ نے خواتین کے تمام امراض کو سامنے رکھتے ہوئے ایک ایسا لاثانی اور منفرد سفوف تیار کیا ہے۔ جس کے باقاعدہ استعمال سے خواتین کے جسم کے اندر ہونے والی بے قاعدگیوں اور ان سے پیدا شدہ امراض خاص کر سیلان الرحم (لیکوریا) اور رحم کے امراض خصوصاً ماہواری کی تکلیف کو موثر طریقے سے دور کرتا ہے لیکوریا کی وجہ سے ہونے والی اعضاء شکنی، کمردرد، پنڈلیوں میں درد، سستی، کاہلی اور کیلشیم کی کمی کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح وشام ایک چمچ چائے والا ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

## سفوف تبخیری

تبخیر معدہ، تیزابیت کی زیادتی اور اس سے پیدا شدہ عوارض کے لئے مفید دوا ہے۔ جسے بلڈ پریشر کے مریض بھی بلاخوف وخطر استعمال کر سکتے ہیں۔ تبخیر معدہ کا مرض بڑی تیزی سے پھیل رہا ہے۔ ضعف معدہ کی وجہ سے نظام ہضم خراب ہو جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے بے چینی اور بے قراری کی صورت پیدا ہو جاتی ہے۔ لاثانی فارما (PVT) نے بڑی محنت اور تحقیق کے بعد یہ مفید دوا تیار کی ہے۔ جو کہ نہ صرف تبخیر کو روکتی ہے بلکہ اس سے عارضی یا دائمی قبض، جیسے پاؤں اور ہاتھ کی جلن، وہم، بے خوابی، ورم معدہ، کثرت تیزابیت معدہ اور جگر کی خرابی، بھوک کی کمی دور ہو جاتی ہے۔ معدہ اور آنتوں کو تقویت دیتی ہے۔ اس کے علاوہ ضعف کو دور کر کے بدن میں چستی پیدا کرتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** کھانے کے بعد ایک چمچ چائے والا عرق سونف 1 کپ کے ساتھ استعمال کریں۔

## سفوف جریان

پیشاب سے پہلے یا بعد میں قطرہ آنے کو روکتا ہے۔ جریان اور احتلام کے اسباب کو دور کرتا ہے۔ اور مادہ حیات کو گاڑھا کر کے جوہر حیات کے غیر طبعی اور غیر ارادی اخراج کو روکتا ہے۔ جریان کے ابتدائی مراحل میں اس کا استعمال مرض سے مکمل نجات دلاتا ہے۔ جریانی کیپسول کے ساتھ اس کا استعمال جریان، کبز کو مکمل ختم کر دیتا ہے۔ نیز سفوف جریان وحالت یا قطرے آنے کی تکلیف کا تنہا مکمل اور شافی علاج ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح، شام 1 چمچ چائے والے پانی یا دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

## سفوف حابس

خون کو بند کرتا ہے۔ اندرونی یا بیرونی کسی بھی حصے سے خون جاری ہو جائے تو سفوف حابس کے استعمال سے رُک جاتا ہے۔ کثرت حیض، نکسیر، خونی بواسیر اور سل کی شکایت میں خاص طور پر مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام ایک چمچ چائے والا ہمراہ پانی کے استعمال کریں۔

## سفوف راحت

مثانہ کی گرمی، پیشاب کی رکاوٹ، زخم اور سوزش کو دور کرنے کی مجرب دوا۔ سفوف راحت پیاس کی شدت، لو تپش کے اثرات اور گرمی کی وجہ سے پیدا ہونے والی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ اندرونی گرمی کو اعتدال پر لا کر سکون اور فرحت بخشتا ہے۔ ہمارے شعبہ ریسرچ نے اس کی تیاری میں موزوں اور سکون آور اجزا کا انتخاب کیا ہے۔ جو موسم گرما کی تکالیف، اندرونی غیر طبعی گرمی سے پیدا شدہ جلن، آتشک اور دوسرے امراض میں مفید ہے۔ پیشاب کی نالی کی سوزش کو کنٹرول کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام دو گرام ہمراہ لسی یا شربت بزوری سے استعمال کریں۔

## سفوف مغلظ

بُرے ماحول، مخش فلموں اور غلط قسم کے لٹریچر وغیرہ پڑھنے کے نتیجے میں نوجوان غلط کاریوں میں مبتلا ہو کر مشت زنی، اغلام بازی اور اس قسم کے حمقی رجحانات میں گھر جاتے ہیں۔ جس سے ان کی صحت روز بروز گر جاتی ہے۔ اور وہ کثرت احتلام (یعنی سوتے میں منی کا خارج ہو جانا)، جریان جسے دھات آنا بھی کہتے ہیں (پیشاب سے پہلے، درمیان میں یا پیشاب کے بعد مادہ منویہ کا خارج ہونا)، ذکاوت حس (معمولی خیالات یا کسی لڑکی وغیرہ کے ذہن میں آتے ہی مادہ منویہ خارج ہو جانا یا جماع سے پہلے ہی انزال ہو جانا) اور سرعت انزال یعنی جلد فارغ ہو جانے جیسے مسائل کا شکار ہو جاتے ہیں۔

لاثانی کے شعبہ ریسرچ نے مندرجہ بالا احوال پر انتہائی غور و خوض کے بعد نوجوانوں میں غلط کاریوں کے نتیجے میں پیدا ہونے والے عوارضات سے نجات حاصل کرنے اور ان کی وجہ سے پیدا ہونے والی کمزوری اور دیگر مسائل سے نجات کے لیے سفوف مغلظ کا بے ضرر مابعد اثرات سے پاک نسخہ ترتیب دیا ہے جو کثرت احتلام، جریان، ذکاوت حس اور سرعت انزال جیسے مسائل کا کامیاب اور بے خطا علاج ہے۔ اس کے باقاعدہ استعمال سے مادہ منویہ

گاڑھا ہوتا ہے۔ اور اس کی پیدائش میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ اور جسم میں چستی اور چہرہ پر رونق آجاتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح و شام (ایک چائے والا چمچ) دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

## سپاری پاک

عورتوں کے مرض سیلان الرحم (لیکوریا) اور کمزوری کی بہترین دوا ہے۔ جو امراض نسواں میں بڑی کامیابی سے استعمال کی جاتی ہے۔ امراض رحم میں مفید ہے۔ رحم کو مضبوط بناتی ہے۔ عام جسمانی کمزوری کو دور کرتی ہے۔ یہ خوش ذائقہ دانے دار سفوف کی شکل میں تیار کی جاتی ہے۔ جسے مرد حضرات جریان کے لئے بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ اس کے استعمال سے کمردرد سے بھی نجات ملتی ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح، شام ہمراہ چمچ دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

## سی۔کف

سی۔کف سیرپ Z کی بوٹیوں کے اجزائے لطیف سے مرکب خوش ذائقہ اور زود اثر سیرپ ہے جو کہ ہر قسم کی کھانسی، خاص طور پر کالی کھانسی کی ابتداء میں فوری عمل کرتا ہے۔

گلے کی خراش، نزلہ، زکام اور دمہ کی وجہ سے ہونے والے بخار اور سر درد وغیرہ میں نہایت مفید ہے۔ سانس کی تکالیف، سانس کی نالیوں کی خشکی اور پھیپھڑوں کی بیماریوں میں اس کا استعمال مفید ہے۔

سالہا سال کے تجربات اور تحقیقات کے بعد اس کے نسخہ پر نظر ثانی کرتے ہوئے اس میں ایسی مفید اور زود اثر Z کی بوٹیوں کا اضافہ کیا گیا ہے۔ جس سے اس کی افادیت میں دو چند اضافہ ہو گیا ہے۔ سی۔کف سیرپ بچوں کی ہر قسم کی کھانسی میں مفید اور زود اثر ہے۔

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام بڑے چمچ ایک گلاس پانی یا دودھ میں ملا کر استعمال کریں۔ بچوں کو ان کی عمر کے مطابق یا معالج کی ہدایت پر استعمال کریں۔

## شربت فولاد پلس (شوگر فری بھی دستیاب ہے)

(زعفران کی اضافی خوبیوں کے ساتھ)

خون جسم انسانی کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ اس کے بغیر بدن کا کوئی عضو اپنا کام جاری نہیں رکھ سکتا۔ یہ تمام بدن کو غذا اور توانائی پہنچاتا ہے۔ بدن کے ہر حصے کو گرم اور تر رکھتا ہے۔ اور جسم میں پانی کا توازن برقرار رکھنے میں مدد دیتا ہے۔ خون کے اجزاء پلازما (Plasma)، سرخ خلیات، سفید خلیات، اور انجمادی خلیات

(Thrombocytes)وغیرہ سے مرکب ہے۔ بدن انسانی میں جب خون کے اجزاء میں کمی ہو جاتی ہے یا پورے جسم کو خون کی مناسب سپلائی نہیں ہو پاتی۔ اور خون اپنا کام صحیح طور پر انجام نہیں دے سکتا۔ تو ایسی حالت کو خون کی کمی یا انیمیا(Anaemia) کہتے ہیں۔ جسم میں خون کی کمی کے باعث چہرہ کی رنگت زرد اور تمام جسم میں کمزوری لاحق ہو جاتی ہے۔ ہاتھ پاؤں ٹھنڈے محسوس ہوتے ہیں۔ زیادہ کمزوری کی صورت میں ہاتھ پاؤں کانپنے لگتے ہیں۔ نبض تیز ہو جاتی ہے۔ تھکاوٹ، نظام ہضم کی خرابی، اعصابی کمزوری جیسی علامات پیدا ہو جاتی ہیں۔ لاثانی فارما کے ماہرین نے خون کی کمی کے اسباب اور اس سے پیدا ہونے والے عوارضات و علامات کا جائزہ لینے کے بعد قدرتی جڑی بوٹیوں اور قدرتی اجزاء سے شربت فولاد پلس کا نسخہ ترتیب دیا ہے۔ جو جدید و قدیم تحقیقات کا نچوڑ ہے۔ جدید تحقیقات کی رو سے جسم میں فولاد کے انجذاب کے لیے وٹامن سی (Vitamin C) انتہائی ضروری ہے۔ اس مقصد کے لیے شربت فولاد پلس کے اجزائے نسخہ میں آملہ، ہلیلہ اور بلیلہ کو شامل کیا گیا جو قدرتی وٹامن سی کا خزانہ ہیں۔ قدرتی فولاد کے حصول کے لیے جامن شامل کیا گیا ہے۔ جدید و قدیم تحقیقات اس بات پر متفق ہیں کہ خون کی تکمیل جگر میں ہوتی ہے۔ جگر کی اصلاح کے لیے شربت فولاد پلس میں زعفران اور تیز پات شامل کیے گئے ہیں۔ وٹامن B اعصابی کمزوری اور تھکاوٹ کے لیے انتہائی مفید ہے۔ اس وٹامن کے حصول کے لیے شربت فولاد پلس میں گاؤزبان شامل کیا گیا ہے۔ جو وٹامن B کا قدرتی ذریعہ ہے۔ ان کے علاوہ شربت فولاد پلس کے اجزائے نسخہ میں اعصاب اور پٹھوں کی طاقت کے لیے کچلہ اور عقرقرحا بھی شامل کیے گئے ہیں۔ اس طرح شربت فولاد پلس کا نسخہ انتہائی متوازن اور جامع ہے۔ جو ہر عمر کے مرد و خواتین ہر موسم میں بلاجھجک استعمال کر سکتے ہیں۔

شربت فولاد پلس کے مجموعی افعال و خواص:

